| Surname | | Other Names | |
|---|---|---|---|
| Centre Number | | Candidate Number | |
| Candidate Signature | | | |

| Leave blank |
|---|
| |

General Certificate of Secondary Education
Summer 2003

# URDU 3646/RH
## Higher Tier
## Reading Test

H

Friday 23 May 2003 1.30pm – 2.20pm

**No additional materials are required.**

Time allowed: 50 minutes

**Instructions to candidates**
- Use blue or black ink or ball-point pen.
- Fill in the boxes at the top of this page.
- Write your answers in this combined question paper/answer book.
- In **Section A** answer the questions in **Urdu.**
- In **Section B** answer the questions in **English.**
- Write neatly and put down **all** the information you are asked to give.

**Information for candidates**
- Mark allocations are shown in brackets.
- The maximum mark for this paper is **45**.
- You are **not** allowed to use a dictionary at any time during this test.

| For Examiner's Use | | | |
|---|---|---|---|
| Page | Mark | Page | Mark |
| 2 / 3 | | | |
| 4 / 5 | | | |
| 6 / 7 / 8 | | | |
| 9 / 10 / 11 | | | |
| 12 / 13 / 14 | | | |
| 15 / 16 / 17 | | | |
| 18 / 19 | | | |
| 20 / 21 | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| Total (Column 1) → | | | |
| Total (Column 2) → | | | |
| TOTAL | | | |
| Examiner's Initials | | | |

Copyright © 2003 AQA and its licensors. All rights reserved.

# حصّہ (الف)

## سوالات اور جوابات اردو میں



سوال نمبرا: نیچے چند لوگوں نے فلموں سے متعلّق اپنی پسند کے بارے میں لکھا ہے۔ 1



**آصف:** مجھے ایسی فلمیں پسند ہیں جن میں ہنسی مذاق ہو۔ تا کہ لوگ فلم دیکھنے کے بعد ہنسی خوشی اپنے گھر جائیں۔

**عالیہ:** میں تو ایسی فلمیں پسند کرتی ہوں جن میں پیار و محبت کی باتیں ہوتی ہیں اور جن کو دیکھ کر انسان خوبصورت خیالوں میں کھو جاتا ہے۔

**اکرم:** معلوم نہیں مجھے ڈراؤنی فلمیں کیوں پسند ہیں۔ حالانکہ انہیں دیکھنے کے بعد مجھے رات کو خوفناک خواب نظر آتے ہیں۔

**طارق:** مجھے تو کارٹون اچھے لگتے ہیں۔ ان میں کوئی مار دھاڑ نہیں ہوتی اور آپ پورے خاندان کے ساتھ بیٹھ کر دیکھ سکتے ہیں۔

| A | B | C |
|---|---|---|
|  |  |  |

| D | E | F |
|---|---|---|
|  |  |  |

♦ کس کو کون سی فلم پسند ہے؟ صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| | آصف | (i) |
| | عالیہ | (ii) |
| | اکرم | (iii) |
| | طارق | (iv) |

*(4 marks)*

2 سوال نمبر۲: آپ انٹرنیٹ پر اردو اخباروں کی مندرجہ ذیل سُرخیاں پڑھتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| A | پاکستان کے صوبہ بلوچستان میں بارش نہ ہونے کی وجہ سے کئی قسم کی خطرناک بیماریوں کے پھیلنے کا خطرہ ہے۔ |
| B | انگلستان کی کرکٹ ٹیم اگلے سال ہندوستان کے دورے پر جائے گی۔ |
| C | پی آئی اے نے ٹکٹوں کی قیمتوں میں پندرہ فیصد اضافے کا اعلان کر دیا ہے۔ |
| D | پاکستانی فلمی اداکاروں کا ایک گروپ خیراتی شو کے لیے بہت جلد بریڈفورڈ آ رہا ہے۔ |
| E | زرِمبادلہ کی منڈیوں میں روپے کی قیمت بہت تیزی سے گر رہی ہے۔ |
| F | ہندوستان میں عام انتخابات اکتوبر میں ہوں گے۔ |
| G | موسمی پیشین گوئی کے مطابق کل بہت شدید برفباری ہوگی۔ |

♦ کس سُرخی کا تعلّق کس خبر سے ہے؟ صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| | صحت | (i) |
| | سفر | (ii) |
| | کاروبار | (iii) |
| | موسم | (iv) |
| | کھیل | (v) |


*(5 marks)*

**TURN OVER FOR THE NEXT QUESTION**


**3** See insert for Question 3 Stimulus.

(i) منگل کے بارے میں کیا کہا گیا ہے؟


**A**




**B**



**C**



**D**



♦ صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐


*(1 mark)*

(ii) بدھ کو موسم کیسا ہے؟


**A**




**B**



**C**



**D**




♦ صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐


*(1 mark)*

(iii) جمعرات کو موسم کیسا رہے گا؟

A




B



C



D



◆ صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐


*(1 mark)*

(iv) ہفتے کے دن موسم کیسا رہے گا؟


A




B



C



D



◆ صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐


*(1 mark)*

**QUESTION 3 CONTINUES ON THE NEXT PAGE**


LEAVE MARGIN BLANK

(v) اتوار کے بارے میں کیا بتایا گیا ہے؟


**A**



**B**



**C**



**D**



♦ صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐

*(1 mark)*

**TURN OVER FOR THE NEXT QUESTION**

**Turn over**

4 سوال نمبر۴: آپ کے دوست عثمان نے آپ کے لیے یہ پیغام بھیجا ہے۔

| |
|---|
| مجھے اچانک جرمنی جانا پڑ رہا ہے۔ آج ہی اطلاع ملی ہے کہ میری والدہ صاحبہ کی طبیعت بہت خراب ہوگئی ہے اور وہ ہسپتال میں داخل ہیں۔ میری بڑی بہن کی شادی بھی روک دی گئی ہے۔ میں نے اپنے استاد صاحب کو بتا دیا ہے کہ میری واپسی میں شاید دو تین ہفتے لگ جائیں گے۔ |

(i) عثمان کون سے ملک جا رہا ہے؟

| A | B | C | D |
|---|---|---|---|
| D | PK | GB | IND |

♦ صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐

*(1 mark)*





(ii) وہ کیوں جا رہا ہے؟

| A | B | C | D |
|---|---|---|---|
| سالگرہ ہے | بہن کی شادی ہے | والد بیمار ہیں | ماں بیمار ہے |

♦ صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐

*(1 mark)*

(iii) عثمان کیا کرتا ہے؟

| A | B | C | D |
|---|---|---|---|
|  |  |  |  |

♦ صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐

*(1 mark)*

**5** See insert for Question 5 Stimulus.



(i) اس وقت ماریہ کی عمر کیا ہے؟

| A | B | C | D |
|---|---|---|---|
| 17 سال | 70 سال | 16 سال | 15 سال |

♦ صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐

*(1 mark)*



(ii) ماریہ کو کون سا مضمون پسند ہے؟

| A | B | C | D |
|---|---|---|---|
|  |  |  |  |

♦ صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐

*(1 mark)*




(iii) ماریہ کون سے کھیل میں زیادہ دلچسپی رکھتی ہے؟

| A | B | C | D |
|---|---|---|---|
|  |  |  |  |

♦ صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐

*(1 mark)*

(iv) ماریہ اپنے فارغ وقت میں کیا کرتی ہے؟

| A | B | C | D |
|---|---|---|---|
|  |  |  |  |


♦ صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐

*(1 mark)*


**QUESTION 5 CONTINUES ON THE NEXT PAGE**

(v) ماریہ مستقبل میں کیا بننا چاہتی ہے؟


**A**




**B**



**C**



**D**



♦ صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐

*(1 mark)*

**6** See insert for Question 6 Stimulus.

(a) حصّہ اوّل: مضمون کے مطابق کون سی تین باتیں درست ہیں؟

| | |
|---|---|
| **A** | بے روزگاری ایک عالمی مسئلہ ہے |
| **B** | ٹیکنالوجی کی ترقّی بے روزگاری کی ایک وجہ ہے۔ |
| **C** | خراب سیاسی حالات کی وجہ سے امیر ممالک میں بے روزگاری بڑھ رہی ہے۔ |
| **D** | دنیا کے تمام ممالک کو صرف اپنے بارے میں ہی سوچنا چاہیئے ۔ |
| **E** | تمام ممالک ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کریں۔ |

♦ صحیح جوابات کے انگریزی حروف خانوں میں لکھیں۔

☐

☐

☐

*(3 marks)*

(b) (حصّہ دوم)

(i) کمپیوٹر کی ایجاد کا بے روزگاری سے کیا تعلّق ہے؟

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................
*(2 marks)*

(ii) غریب ممالک میں بے روزگاری کی کیا وجوہات ہیں؟ کم از کم دو وجوہات لکھیئے ۔

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................
*(2 marks)*

(iii) بے روزگاری کا مسئلہ کیسے حل کیا جا سکتا ہے؟

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................
*(2 marks)*

9

7 **سوال نمبر ۷:** آپ ایک اردو رسالے میں عمران خان کے بارے میں پڑھتے ہیں۔

♦ نیچے لکھے ہُوئے الفاظ کے انگریزی حروف صحیح خانوں میں لکھ کر اگلے صفحہ پر دی گئی عبارت کو مکمل کریں۔

| | |
|---|---|
| تکلیف | A |
| غریب | B |
| مشہور | C |
| مثال | D |
| دردمند | E |
| ملک | F |
| تعاون | G |
| شکل وصورت | H |
| طریقہ | I |
| علاج | J |

LEAVE MARGIN BLANK

The photograph of Imran Khan is not reproduced here due to third-party copyright constraints.

The full copy of this paper can be obtained by ordering 3646/RH from AQA Publications
Tel: 0161 953 1170

عمران خان کا تعلّق پاکستان کے [ C ] (مثال) شہر لاہور سے ہے۔ کرکٹ کے ذریعے انہوں نے
اپنے [ 1 ] کا نام خوب روشن کیا۔ عمران خان صرف کرکٹ کے کھلاڑی ہی نہیں بلکہ قدرت نے انہیں
اور بھی بہت سی خوبیوں سے نوازا ہے۔ بہترین [ 2 ] ہونے کے علاوہ عمران خان اپنے اندر ایک
[ 3 ] دل بھی رکھتے ہیں۔ لاہور میں شوکت خانم کینسر ہسپتال اس کی ایک [ 4 ] ہے جو انہوں
نے غریب لوگوں کے مفت [ 5 ] کے لیے بنوایا ہے۔

*(5 marks)*

**TURN OVER FOR THE NEXT QUESTION**

5



**Turn over ▸**

LEAVE MARGIN BLANK

## SECTION B

Questions and answers in **English.**

**8** You read the following article about Allama Iqbal in an Urdu magazine.

ہندوستان کی آزادی میں علاّمہ اقبال کا بہت بڑا حصّہ ہے۔انہوں نے اپنی شاعری کے ذریعے لوگوں کو غلامی سے نجات
حاصل کرنے کی ترغیب دی۔ جب وہ یورپ میں اپنی اعلیٰ تعلیم حاصل کرر ہے تھے تو انہیں اس بات کا سخت افسوس ہُوا کہ
ہندوستان کے لوگ کس قسم کی مصیبت میں گرفتار ہیں۔واپس وطن آکر انہوں نے مسلمانوں کے لیے ایک علیحدہ وطن کا
نظریہ پیش کیا۔ یہ کہنا بے جانہ ہوگا کہ پاکستان علاّمہ اقبال کے خواب کی تعبیر ہے۔علاّمہ اقبال کو محض ایک شاعر سمجھنا
درست نہیں ہوگا۔اُن کی شاعری کا سب سے بڑا مقصد ہندوستان کے لوگوں اور خاص کر مسلمانوں کو آزادی کی راہ دکھانا
تھا۔یہی وجہ ہے کہ آج بھی ہر پاکستانی کے دِل میں ان کی بے حد عزّت ہے۔

(a) How did Allama Iqbal realise that Indian people were living a miserable life?

..........................................................................................................................................

*(1 mark)*

(b) Why do the people of Pakistan have a great deal of respect for Allama Iqbal?

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................

*(2 marks)*

(c) How would you describe Allama Iqbal's poetry?

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................

*(2 marks)*

LEAVE MARGIN BLANK

**9** You read the following article in an Urdu newspaper.

ہم سب کا فرض ہے کہ ہم اپنے اردگرد کے ماحول کو نہ صرف صاف رکھیں بلکہ پوری دنیا کو ماحولیاتی آلودگی سے پاک رکھنے کی بھرپور کوشش کریں۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ اپنی زمین کی آلودگی کا احساس ہم انسانوں کو اس وقت ہوا ہے جب یہ مسئلہ خطرناک صورت اختیار کر چکا ہے۔ دنیا کی ترقّی یافتہ اقوام دولت اور طاقت کے نشہ میں یہ بھول گئیں کہ انہوں نے قدرت کے اس خوبصورت تحفے کو کتنا نقصان پہنچایا ہے اور اپنی آنے والی نسلوں کو کن مصیبتوں سے دوچار ہونے کے لیے چھوڑ دیا ہے۔ اسی طرح دنیا کے غریب انسانوں کے ذہن میں یہ بات نہ آئی کہ بھوک اور افلاس سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیے انہوں نے کتنے جنگلات تباہ کر دیے اور اپنی زمین کے قدرتی حُسن کو کس بے دردی سے تباہ کیا۔ اب بھی زیادہ دیر نہیں ہُوئی۔ ہم سب انسانوں کو چاہیئے کہ ماضی کی غلطیوں کو پھر نہ دُہرائیں اور ماحولیاتی آلودگی کو ختم کرنے کی کوشش کریں۔ اس بات کا خیال ہر فرد کے ذہن میں ہونا چاہیئے کہ اگر یہ زمین نہیں رہے گی تو ہم کہاں رہیں گے۔

(a) What is this article about?

..........................................................................................

*(1 mark)*

(b) Why have rich and poor countries in the world contributed towards the problem?
Give **two** details.

1 ..........................................................................................

2 ..........................................................................................

*(2 marks)*

(c) What can be done about this?

..........................................................................................

*(1 mark)*

**END OF TEST**

**Acknowledgements of copyright-holder and publishers**
Permission to reproduce all copyright material has been applied for. In some cases, efforts to contact copyright owners have been unsuccessful and AQA will be happy to rectify any omissions of acknowledgements in future if notified.

9

سوال نمبر۳: پرائم ٹی وی پر آپ موسم کا حال دیکھتے ہیں۔

## موسم کیسا رہے گا؟

محکمہ موسمیات کی پیشین گوئی کے مطابق پیر کی صبح کو موسم خشک رہے گا۔لیکن شام کو موسلا دھار بارش کا امکان ہے۔منگل کو بھی سارا دن بارش ہوتی رہے گی۔ بدھ کو خوب سردی ہوگی لیکن برف باری کا کوئی امکان نہیں ہے۔جمعرات کو دُھند ہوگی جب کہ جمعہ کو موسم بالکل خوشگوار ہو جائے گا اور دھوپ نکلے گی۔ ہفتے کے دن موسم میں کوئی خاص تبدیلی نہیں آئے گی۔اتوار کو پھر سے آسمان پر بادل چھانے لگیں گے۔

**Insert to Summer 2003 GCSE Urdu Reading Test Higher Tier**
**Question 5 Stimulus**

سوال نمبر ۵: نیچے کی عبارت ماریہ نے اپنے بارے میں لکھی ہے۔

میں اگلے دسمبر میں سترہ سال کی ہو جاؤں گی۔ میں اس سال جی سی ایس ای کا امتحان دے رہی ہوں۔ ویسے تو میں تمام مضامین میں اچھّی ہوں لیکن آرٹ میرا پسندیدہ مضمون ہے اور مجھے اس میں بہت اچھے گریڈ کی امید ہے۔ میں کھیلوں میں بھی دلچسپی لیتی ہوں اور میں اسکول کی ٹینس ٹیم کی کپتان ہوں۔ ہمارے اسکول نے کھیلوں میں بہت سے انعامات جیتے ہیں۔ میرے گھر والوں کا کوئی نہ کوئی مشغلہ ہے۔ مجھے تصویریں لینے کا بہت شوق ہے اور میں اپنا فارغ وقت اپنے اسی شوق کو پورا کرنے میں گزارتی ہوں۔ اپنی تعلیم مکمل کرنے کے بعد میں کوئی ایسا پیشہ اپنانا چاہتی ہوں۔ جس میں دوسرے لوگوں کی میں خدمت کرسکوں۔ میرے خیال میں نرس بن کر میں اپنی یہ خواہش پوری کرسکتی ہوں۔

The photograph is not reproduced here.

**Insert to Summer 2003 GCSE Urdu Reading Test Higher Tier**
**Question 6 Stimulus**

**سوال نمبر ٦:** آپ ایک اردو اخبار میں بے روزگاری سے متعلق یہ مضمون پڑھتے ہیں۔

بے روزگاری ایک بین الاقوامی مسئلہ ہے۔ جس پر قابو پانے کے لیے ہر ملک کی حکومت اپنے طور پر کوشش کر رہی ہے۔ یہ مسئلہ صرف ترقّی پذیر یا غریب ممالک کا ہی نہیں بلکہ ترقّی یافتہ ممالک بھی اس مسئلہ سے دوچار ہیں۔ دنیا کے امیر ممالک میں جہاں سائنس اور ٹیکنالوجی میں ترقّی ہوئی ہے وہاں اس سے بے روزگاری میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ ان ممالک میں کمپیوٹر نے انسان کی جگہ لے لی ہے۔ مثال کے طور پر جس شعبے میں دس لوگ کام کرتے تھے وہاں ایک کمپیوٹر نے سارا کام سنبھال لیا ہے۔ اس صورت میں بے روزگاری کا بڑھنا کوئی انوکھی بات نہیں۔ دنیا کے غریب اور ترقّی پذیر ممالک میں بے روزگاری کی کئی وجوہات ہیں۔ جن میں آبادی میں بے تحاشا اضافہ، تعلیم و تربیت کی کمی، فنی تعلیم کا نہ ہونا اور وہاں کے خراب سیاسی حالات ہیں۔ جدید ٹیکنالوجی کی وجہ سے دنیا سُکڑ کر رہ گئی ہے اور لوگوں کے درمیان فاصلے کم ہو گئے ہیں۔ لیکن ضرورت اس بات کی ہے کہ لوگ ایک دوسرے کے مسائل کو سمجھیں۔

بے روزگاری کے مسئلے کا ایک حل یہ ہے کہ امیر ممالک اپنے بے شمار وسائل سے غریب ممالک کی مدد کریں اور وہاں کے سیاسی اور تعلیمی نظام کو بہتر بنائیں۔